29/11/2021

پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

افسران عوامی مسائل کا فوری تصفیہ کریں: کیشو پرساد موریہ

نائب وزیر اعلیٰ کیسو پرساد موریہ نے اپنے 7 کالی داس مارگ واقع رہائش (کیمپ آفس) پر تقریبا دو درجن اضلاع سے آئے لوگوں سے ملاقات کر کے ان کے مسائل کا تصفیہ یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے عوامی مسائل کے دوران ایک ایک فرد کے مسائل کو پوری سنجیدگی سے سماعت اور مسائل کے تصفیہ کے لئے مختلف اضلاع کے افسران اور حکومت کے اعلیٰ افسران سے بات چیت بھی کی۔ جنتا درشن میں بزرگ ،خواتین، مرد اور معذور سمیت سیکڑوں لوگوں نے نائب وزیر اعلیٰ کے سامنے اپنے مسائل بتائے۔ مسائل میں خاص طور سے بجلی ،شاہراہ کی توسیع ،سڑک تعمیر ، رہائش دلانے ، ناجائز قبضہ، نظم ونسق ،راستہ کھلوانے ،ترقیاتی کام ،مار پیٹ ، ریونیو، ناجائز قبضہ، اراضی تنازعات، طبی امداد وغیرہ تھے۔ رہائش پر آئے مریضوں کے علاج کے لئے نائب وزیر اعلیٰ نے اقتصادی مدد دلانے کی یقین دہانی اور ہر فرد کی ہر ممکن مدد کے لئے افسران کو ہدایت دی گئی ہے۔

جنتا درشن میں ریاست کے متعدد اضلاع میں آئے سبھی لوگوں نے اپنے مسائل اور درخواست بھی پیش کیں۔

☆☆☆☆☆☆